Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — ABC Certified — عوام کی بے ساختہ للکار

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 | منگل، 24 جون 2025ء، 27 ذوالحجہ 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 94

5 کروڑ تک کے کیسز میں عدالتی وارنٹ کے بغیر گرفتاری نہیں ہو سکے گی، وزیر خزانہ

6 لاکھ سے 12 لاکھ آمدن پر ٹیکس ایک فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے، 75 سال سے زائد عمر کے افراد ٹیکس سے مستثنیٰ ہیں، ایک کروڑ سے زائد پنشن پر ٹیکس نہیں ہوگا، 15 سال تک ذاتی رہائش پر ود ہولڈنگ ٹیکس نہیں ہوگا

حکومتی سکیورٹی پر سرمایہ کاری پر 20 فیصد ٹیکس ہوگا، کاروباری ماحول میں بہتری لا رہے ہیں، صنعتی پالیسی کا جلد آغاز کیا جائیگا، ٹیکس کی تعمیل اور بنیاد میں وسعت پر توجہ دی جا رہی ہے، سینئر شہریوں اور تنخواہ دار طبقے کو ریلیف دیا جائیگا

سولر پینلز پر ٹیکس کی شرح 10 فیصد ہوگی، روٹی اور دھاگے کی درآمد پر سیلز ٹیکس اور ڈیوٹی کی چھوٹ ختم کر دی جائے گی، 75 سال سے زائد عمر والے پنشنرز کسی بھی قسم کے ٹیکس سے مستثنیٰ ہیں، قومی اسمبلی میں خطاب

کشمیر اور ویسٹر پاکستان ریجن پنجاب بجٹ سیشن رائے چارج سنبھالنے کے بعد کیبنٹ کی کارکردگی بارے تفصیلات رپورٹنگ کے لیے رپورٹ ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایف بی آر کو حاصل اختیارات کا دوبارہ جائزہ لیا گیا اور 5 کروڑ تک کے کیسز میں عدالتی وارنٹ کے بغیر گرفتاری نہیں ہو سکے گی، 75 سال سے زائد عمر کے افراد ٹیکس سے مستثنیٰ ہیں، ایک کروڑ سے زائد پنشن پر ٹیکس نہیں ہوگا، 15 سال تک ذاتی رہائش پر ود ہولڈنگ ٹیکس نہیں ہوگا، کیپٹل سکیورٹی پر سرمایہ کاری پر 20 فیصد ٹیکس ہوگا، (بقیہ نمبر 1)

محرم الحرام کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے

خراب اور کمزور اسٹرکچر کے ٹرانسفارمرز و دیگر آلات کو فوری اپ گریڈ کیا جائے

ایمرجنسی رسپانس ٹیمیں تشکیل دی جائیں۔ چیف ایگزیکٹو آیمکو محمد رحیم جان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر بجلی کی ہدایت پر چیف ایگزیکٹو محمد رحیم جان نے زرمبنگ کے تدارکی سردار اویس احمد خان لغاری کی ہدایت پر محرم الحرام اور خصوصاً 9 اور 10 محرم کے دوران ذریعہ تمام آپریشن، (بقیہ نمبر 2)

امن و امان کے قیام کیلئے پیغام پاکستان ضابطہ اخلاق جاری

تمام مکاتب فکر کے علماء مشائخ، خطباء، ذاکرین، واعظین، پیغام پاکستان ضابطہ اخلاق کی مکمل پابندی کریں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان علماء کونسل نے محرم الحرام میں امن و امان کے قیام، بین المسالک و بین المذاہب ہم آہنگی برداواری کیلئے تمام مکاتب فکر اور مذاہب کی (بقیہ نمبر 5)

بھارتی پروازوں کیلئے فضائی حدود ایک ماہ کیلئے بند

پاکستانی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی پروازوں کو یومیہ اخراجات میں لاکھوں ڈالر اضافہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی طیاروں کے لیے پاکستانی فضائی حدود 23 جون سے مزید 1 ماہ کے لیے بند رکھنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ پاک بھارت کشیدگی کے بعد پاکستان نے 24 اپریل کو پاکستانی فضائی حدود بھارتی (بقیہ نمبر 4)

پنجاب کے 3 ہزار سکول و مدارس میں واٹر فلٹریشن پلانٹس لگانے کا فیصلہ

فلٹریشن پلانٹس اسکولز و مدارس کی انتظامیہ خود لگوائیں گی، رقم حکومت ادا کریگی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صاف پانی کی فراہمی کے لے اہم فیصلہ کرتے ہوئے صوبہ بھر کے تین ہزار اسکول و مدارس میں واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانے کا اعلان کر دیا۔ محکمہ پانی و پنجاب کا کہنا ہے کہ فلٹریشن پلانٹس (بقیہ نمبر 3)

بینظیر ہنرمند پروگرام کے تحت نوجوانوں کو مہارت کی تربیت دے کر با اختیار بنانے کے لیے پی آئی ایس پی اور سی سی آئی کا اشتراک

بی آئی ایس پی اور کے سی سی آئی کا اشتراک

ڈاکٹر محمد طاہر نور، ایڈیشنل سیکرٹری، (بی آئی ایس پی) ہیڈ کوارٹر اسلام آباد، نے (کے سی سی آئی) کے سیکرٹریٹ میں ملاقات کی

ڈاکٹر طاہر نور نے کے سی سی آئی کو حکومتِ پاکستان کے تحت بی آئی ایس پی کی دیگر اہم سرگرمیوں سے آگاہ کیا،

تقریباً 1 کروڑ گھرانے کفالت پروگرام سے مالی معاونت حاصل کر رہے ہیں، 8.2 ملین اسکول جانے والے بچے تعلیمی وظائف حاصل کر رہے ہیں

بینظیر ہنرمند پروگرام کے ذریعے ہم لوگوں کو خود اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے، ہنر سیکھنے اور وقار کے ساتھ عزت کے چکر سے نکلنے کا موقع دے رہے ہیں

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) معاشی و سماجی تشویش کی جانب ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے ڈاکٹر محمد طاہر نور، ایڈیشنل سیکرٹری، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) ہیڈ کوارٹر اسلام آباد، نے آج کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے سیکرٹریٹ میں ملاقات کی۔ اس ملاقات کا مقصد بی آئی ایس پی کے مستفیدین اور ان کے بچوں کے لیے مہارت کی تربیت کے مواقع تلاش کرنا تھا۔ کے سی سی آئی کی کم کی قیادت صدر محمد جاوید بلوانی، نائب صدر لیصل عقیل احمد، سابق صدر جنید اسمٰعیل کڈا اور دیگر معزز اراکین نے کی۔ اجلاس میں بینظیر ہنرمند پروگرام (BHP) کی اہمیت پر خیال خیال کیا گیا، جو بی آئی ایس پی کے مستفیدین (بقیہ نمبر 6)

ڈاکٹر محمد طاہر نور، ایڈیشنل سیکرٹری، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) ہیڈ کوارٹر اسلام آباد، کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے سیکرٹریٹ میں دفد معززین اراکین سے ملاقات کر رہے ہیں

قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں ایران پر اسرائیلی جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت

ایران کے دفاع کی بھرپور توثیق پاکستان کی مکمل حمایت کا اعادہ

وزیراعظم کی زیر صدارت ہونے والے قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس، چیئرمین جوائنٹ چیف آف آرمی اسٹاف، تینوں سروسز چیف اور وفاقی وزراء شریک ہوئے، ایران پر اسرائیلی جارحیت کے بعد خطے میں بدلتی ہوئی صورتحال کا جائزہ

کمیٹی نے حملوں پر افسوس کا اظہار کیا کہ اور موقف اپنایا کہ ان حملوں نے ایران اور امریکا کے درمیان تعمیری مذاکراتی عمل کے دوران کیے گئے غیر ذمہ دارانہ اقدامات نے کشیدگی میں شدید اضافہ کر دیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں ایران پر اسرائیلی جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی جبکہ پاکستان نے ایران کی جانب سے دفاع کی بھرپور توثیق کی ہے۔ وزیراعظم کی زیر صدارت ہونے والے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں چیئرمین جوائنٹ چیف آف آرمی اسٹاف، تینوں سروسز چیف اور وفاقی وزراء شریک ہوئے۔ اجلاس میں ایران پر اسرائیلی (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف کیش لیس اکانومی کے فروغ اور ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دیہی اور شہری علاقوں کیلئے ویسٹ مینجمنٹ کے انتظام کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت

سالڈ ویسٹ مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے اسلام آباد کے شہری و دیہی علاقوں سے 2400 ٹن آلائشوں کو ٹھکانے لگایا جو کہ انتہائی قابل ستائش کارکردگی ہے

سالڈ ویسٹ مینجمنٹ منصوبہ ڈیپارٹمنٹ جدید ترین لینڈ فل سائٹس کے قیام کے علاوہ فضلے سے توانائی حاصل کرنے جیسے اقدامات کے لیے کوشاں کوحوصلہ دیتا ہے

اسلام آباد کو ایک جدید، گلین اینڈ گرین، خوبصورت اور ماحول دوست مثالی اور ماڈل شہر بنانے کیلئے سی ڈی اے تمام ضروری اقدامات اختیار کرے

قائم مقام چیئرمین طلعت محمود کی زیر صدارت اسلام آباد سالڈ ویسٹ مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کا جائزہ لینے سے متعلق اجلاس

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سی ڈی اے، چیف کمشنر اسلام آباد اور ڈی جی سول ڈیفنس محترمہ رخسانہ بنگش کی ہدایت پر سی ڈی اے کے قائم مقام چیئرمین طلعت محمود نے اسلام آباد سالڈ ویسٹ مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کا جائزہ لینے سے متعلق سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ممبر فنانس، ممبر انفارمیشن، ڈی جی انفورمیشن سمیت (بقیہ نمبر 8)

سی ڈی اے کے قائم مقام چیئرمین طلعت محمود نے اسلام آباد سالڈ ویسٹ مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کا جائزہ لینے سے متعلق سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لیسکو کرپشن انکوائری، ایف آئی اے نے متعدد افسران و ملازمین معطل کر دیئے

تمام افسران و ملازمین کو کرپشن الزامات پر معطل کر کے ہیڈ کوارٹر کلوز کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) لیسکو میں کرپشن الزامات پر ہونے والی انکوائری کے معاملے پر ایف آئی اے کے ہیڈ کوارٹر کلوز کر دیا گیا اے حکام نے متعدد افسران و ملازمین کو معطل کر دیا۔ تمام افسران (بقیہ نمبر 9)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پی ڈی اے روڈ- 47 کے ایک پراجیکٹ کا معائنہ کر رہی ہیں

سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کے تاریخی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے

ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی

سعودی شوریٰ کونسل میں قائم سعودی-پاک پارلیمانی فرینڈ شپ کمیٹی کے تین رکنی وفد نے اینکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی خصوصی دعوت پر پاکستان کا دورہ کیا

پاکستان کو سعودی عرب کے ساتھ اپنے دیرینہ برادرانہ اور دوستانہ تعلقات پر فخر ہے، اور یہ تعلقات وقت کے ساتھ مزید مستحکم ہو رہے ہیں

سعودی شوریٰ کونسل میں قائم سعودی پاک پارلیمانی فرینڈ کمیٹی کے تین رکنی وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ

26 نومبر احتجاج، آئندہ جماعت پر ملزمان پر فرد جرم عائد کی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کارکنان کے خلاف 26 نومبر احتجاج پر درج مقدمات میں ملزمان پر آئندہ (بقیہ نمبر 2)

قومی اسمبلی اجلاس کے دوران حکومتی اور اپوزیشن ارکان میں ہاتھا پائی

اگر اپوزیشن شور شرابا کرے گی تو وہ بھی عمر ایوب سمیت کسی کو بولنے نہیں دیں گے

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی اجلاس کے دوران حکومتی اور اپوزیشن ارکان میں گرما گرمی دیکھنے میں آئی۔ چیئرمین پیٹریاٹک پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی تقریر کے دوران اپوزیشن ارکان، خصوصاً پی ٹی آئی کے اراکین نے احتجاج کیا، پیٹریاٹک پارٹی نے اس رویے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اگر اپوزیشن شور شرابا کرے گی تو وہ بھی عمر ایوب (بقیہ نمبر 3)

18 اضلاع کے 40 شہروں میں ترقیاتی سکیموں کا جائزہ

پیلی بار ٹھوں پائنگ کے تحت شہروں میں دریا سہولیات مہیا کریں گے، ذیشان رفیق

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت پنجاب منیجر پروگرام کے ایک جائزہ اجلاس کے دوران 18 اضلاع کے 40 شہروں میں ترقیاتی سکیموں کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری آبپاشی، ایڈیشنل سیکرٹری اور متعلقہ افسروں نے (بقیہ نمبر 4)

لاہور: سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی آئی جی پنجاب خانہ جات کے دفاتر کا دورہ کر رہے ہیں

بیوی واپس نہ آئی تو مر جاؤں گا، 6 بچوں کے باپ کی سول کورٹ میں دہائی

ٹنجروال کے رہائشی شخص نے بیوی کی محبت میں سول کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹا دیا

لاہور (این این آئی) ٹنجروال کے رہائشی اور 6 بچوں کے باپ نے بیوی کی محبت میں سول کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹا دیا، عدالت میں جذباتی انداز میں موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ بیوی کو واپس نہ بھیجا گیا تو مر جاؤں گا۔ وکیل شہباز بھٹی ایڈووکیٹ کے (بقیہ نمبر 5)

بجلی کی تمام کمپنیوں میں عام میٹرز کی خریداری پر پابندی عائد

تمام کمپنیوں کو اے ایم آئی (سارٹ) میٹرز کی خریداری کے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) وزارت پاور ڈویژن نے لیسکو سمیت تمام بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں پر عام میٹرز کی خریداری پر پابندی عائد کر دی۔ ترجمان کے مطابق تمام کمپنیوں کو اے ایم آئی (سارٹ) میٹرز کی خریداری کے احکامات جاری کئے گئے ہیں، بجلی (بقیہ نمبر 6)

ناجائز تعلقات کا شبہ، خاتون کے ہاتھوں شوہر اور بھتیجی قتل

ڈبلیو ٹیم کے ملزمہ کی جانب سے دیگر اہل خانہ پر حملہ، خودکشی کی کوشش ناکام بنا دی

لاہور (این این آئی) باغبانپورہ کے علاقے میں 16 سالہ لڑکی سمیت دو افراد کو تیز دھار آلے سے قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق خاتون نے شوہر اور اپنی بھتیجی کو قتل کیا، متقولین کی شناخت 16 سالہ شہزاد اور 50 سالہ شرکت کے نام سے ہوئی۔ دونوں کو متقول (بقیہ نمبر 7)

"اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور تفرقے میں نہ پڑو"

(سورۃ آل عمران، آیت نمبر 103)

منفعت ایک ہے اس قوم کی نقصان بھی ایک
ایک ہی سب کا نبی دین بھی ایمان بھی ایک

(ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ)

"اہل بیت سے محبت و تکریم ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے
حضرت امام حسینؑ اور ان کے جانثار حق کی راہ پر چلنے والوں کے لئے مینارۂ نور ہیں
آئیں! حضرت امام حسینؑ کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کریں
اور وحدت المسلمین کے افکار پر عمل پیرا ہو کر اتحاد و اتفاق کو اُجاگر کریں"

(وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف)

علمائے کرام سے التماس ہے کہ!

اپنے دروس و خطبات میں رواداری، تحمل اور برداشت کا سبق دیں تاکہ معاشرے میں امن و امان یقینی بنا کر فرقہ واریت سے محفوظ پنجاب کی تشکیل ممکن بنائی جا سکے

عوام الناس سے خصوصی اپیل ہے کہ!

عشرہ محرم الحرام کے دوران اتحاد بین المسلمین کو فروغ دیں اور پنجاب کو امن کا گہوارہ بنانے کیلئے ایمان۔ تنظیم۔ اتحاد کو مشعل راہ بنائیں

صوبہ بھر میں مذہبی ہم آہنگی و رواداری
ہم سب کا فرض، سب کی ذمہ داری

حکومت پنجاب

SPL - 1222

عوامی للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی آواز سے ساحت لیتا ہے
ناقابل تسخیر عوامی اخبار
ناقابل تسخیر عوامی اخبار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاکستان اور ترکیہ برادرانہ تعاون کی نئی جہتیں

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تعلقات ہمیشہ سے باہمی احترام، اعتماد اور برادرانہ جذبات پر مبنی رہے ہیں۔ حالیہ دنوں استنبول میں ہونے والی اعلیٰ سطحی ملاقات نے ان رشتوں کو ایک نئی جہت دی ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے، جنھیں ایک منظّم، پیشہ ور اور باوقار عسکری قیادت کی علامت سمجھا جاتا ہے، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کے ہمراہ ترک صدر رجب طیب ایردوان سے اہم ملاقات کی۔ اس موقع پر دونوں ممالک نے تجارت، دفاع، عوامی روابط اور علاقائی تعاون کے متعدد پہلوؤں پر مفصل بات چیت کی اور تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات میں ایران کی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت اس کے دفاع کے حق کی حمایت کی گئی اور اسرائیلی جارحیت کی کھلی مذمت کی گئی۔ یہ موقف بین الاقوامی اصولوں کی پاسداری اور مسلم دنیا کی وحدت کے لیے پاکستان اور ترکیہ کے مشترکہ موقف کی عکاسی کرتا ہے۔ عالمی برادری پر زور دیا گیا کہ وہ مشرق وسطیٰ میں جاری بحرانوں کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرے اور امن کی کوششوں کو ترجیح دے۔ ترکیہ کے ساتھ بڑھتا ہوا اشتراک پاکستان کے لیے اس وقت نہایت اہم ہے جب دنیا دو بلاکوں میں بٹتی جا رہی اور مسلم امہ کو قیادت، استحکام اور اتحاد کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔ پاکستان اور ترکیہ، دونوں طاقتور مسلم ریاستیں، اگر اپنی توانائیاں یکجا کریں تو نہ صرف خطے میں استحکام پیدا ہو سکتا ہے بلکہ عالمی سطح پر ایک متوازن طاقت کے طور پر ابھرنے سے مظلوم اقوام کی نمائندگی بھی ممکن ہو سکتی ہے۔ امریکی و اسرائیلی جارحیت جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بھی یہ اشتراک نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ یہ ملاقات نہ صرف ایک سفارتی سرگرمی تھی بلکہ اس نے پاکستان کی قومی قیادت کی دانشمندی اور دور اندیشی کو بھی اجاگر کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی متحرک اور قومی مفادات پر مبنی قیادت پاکستان کو ایک مضبوط اور خودمختار مستقبل کی طرف لے جا رہی ہے۔ ایک ایسا پاکستان جو عالمی برادری میں باوقار، مؤثر اور پُرامن کردار ادا کرے گا۔

بوئے مرشد (آخری حصہ)

تحریر: پروفیسر محمد عبدالقادر بھٹی

حضرت امیر خسرو عالم حیرت اور مسرت میں بار بار ایک ہی فقرہ دہرائے جا رہے ہیں جو بے حد سچا لگتا ہے۔ ''مجھے میرے مرشد کی بے خوشبو آ رہی ہے وہ بار بار اپنے اطراف کا جائزہ لے رہے تھے اور اس جگہ کو ڈھونڈ رہے تھے جدھر سے انہیں اپنے مرشد کی خوشبو آ رہی تھی۔ امیر خسرو کی حالت اور اضطراب دیکھ کر فوتی گھوڑوں سے نیچے اتر آئے اور آپ سے پوچھا امیر آپ کیا محسوس کر رہے ہیں تو امیر خسرو بولے میں اس جگہ اپنے مرشد کی خوشبو محسوس کر رہا ہوں امیر خسرو کے لہجے میں حیرت اور خوشی پنہاں تھی لیکن آپ کے مرشد تو یہاں سے بہت دور غیاث پور میں قیام فرما رہے ہیں۔ جانتا ہوں کہ آستانہ مرشد یہاں سے بہت دور ہے لیکن میں اپنے مرشد کی خوشبو کو کروڑوں خوشبوؤں میں سے پہچان سکتا ہوں اس کی خوشبو نے میرے دل و دماغ کو معطر اور وجد میں مبتلا کر دیا ہے امیر خسرو عقیدت و احترام سے بولے۔ یہ جگہ اور فضا میرے مرشد کی خوشبو سے مہک رہی ہے لگتا ہے وہ یہیں کہیں روزہ افروز ہیں یا یہاں سے گزرے ہیں۔ آخر امیر خسرو اور فوتی خوشبو کے تعاقب میں اس سرائے کی طرف بڑھے جہاں مرشد کے جوتے مبارک تھے قریب جانے پر خوشبو کا احساس اور بھی تیز ہو گیا۔ مالک سرائے کو بلا کر بند دروازہ کھلوایا گیا تو خوشبو کے معطر جھکے اور بھی تیز ہو گئے خوشبو نے امیر خسرو کے مشام جان اور بھی معطر کر دیا روزہ کھلنے کے بعد امیر خسرو تیزی سے اس گوشے کی طرف بڑھے جہاں مرشد کے نقش مبارک سے خوشبو کے جھونکے آ رہے تھے۔ آج نے اس مہمان کو اطمینا اور مغفرت کا پیغام دیا کہ آپ کے پاس ہے میرے مرشد کی خوشبو کی خبریں ہیں۔ وہ گھنٹوں آنکھیں ملتا ہوا اٹھا اور حیرت سے امیر خسرو کو دیکھ رہا تھا۔ حضرت امیر خسرو نے اپنا مختصر تعارف کرایا اور کہا کہ میرے مرشد حضرت نظام الدین اولیا کی خوشبو تھی۔ آج میں جو شے لے کے تمہاری طرف متوجہ کیا۔ یہ میں حضرت نظام الدین سے لے کر آیا ہوں اب وہ مجھے بولا امیر خسرو جذباتی ہو کر بولے میرے مرشد کیسے ہیں کیا وہ خیریت سے ہیں ناں؟ وہ خیریت سے ہیں لیکن انہوں نے میرے ساتھ اپنا کھوئے ہوئے تبرک بھیجا ہے۔ ان میں سے ایک اپنی نشانیوں کا لا۔ میں نے ان کی بندہ پروری اور سخاوت کے بہت چرچے سنے تھے اس لیے اپنی نشانیوں کی شادی کے لیے ان کے پاس گیا لیکن آپ کے شیخ نے اپنے پرانے جوتے میرے حوالے کر دیے اور فرمایا یہ جوتے تبرکاً میری ضرورت پوری کریں گے کہاں میں میرے مرشد کے نقش قدم کے ہوئے ہیں محفل درویش پر سناٹا طاری تھا کہ خسرو آج کیا کرتے کرا تے ہیں۔ ہر کوئی اپنے دل و دماغ میں اندازہ لگانے کی کوشش کر رہا تھا آخر خسرو مرشد کے لیے کیا لے کر آئے ہیں جب امیر خسرو مرشد کریم کے تبرک پہنچے تو محبوب الٰہی نے بلوا بھیجا۔ امیر خسرو کو دیکھا اور بولے خسرو کاپیانی کا سفر مبارک ہو لیکن تم اپنے مرشد کے لیے کیا تحفہ لائے ہو۔ امیر خسرو عقیدت سے جھک گئے اور اپنی قیمتی رسیلی دستار میں بندھے نعلین مبارک آپ کے قدموں میں رکھ دیے اور بولے حضور میں اس کی خدمت میں آپ کی نشانی لایا ہوں کیونکہ پوری دنیا کے خزانے ایک طرف اور آپ کے جوتے مبارک ایک طرف آپ ہی کے جوتے مبارک لایا ہوں اپنا کوئی اور چیز ان سے قیمتی نہیں ہے کہ کہہ کر امیر خسرو محبوب الٰہی کے قدموں سے لپٹ گئے حضرت نظام الدین بلوا ز سکراہٹ سے بولے خسرو کتنے ہی خریدے ۔ امیر خسرو مشرقت جذبات سے روتے ہوئے بولے حضور پانچ لاکھ نقرئی سکوں میں۔ بسیار ارزاں خریدی (بہت سے دامنوں خریدے) نظام الدین محبت سے بولے سنتے خریدے امیر خسرو روتے ہوئے کہے جا رہے تھے حضور اس میں نے اس پر میری ساری جائیداد اور دولت بھی باقی تو میں اس کے قدموں میں ڈھیر کر دیتا۔ خسرو اگر تم ایسا کرتے تو جب بھی یہ دوا سنتے تمہارا محبوب الٰہی نے محبت سے فرمایا۔ خسرو نے گھبرکیہ نہیں میں کیا خوب یہ سب اس ظلم پر آپ کی ایک نگاہ کا کرم ہے ورنہ یہ حقیر اس قابل کہا تھا۔ امیر خسرو اور محبوب الٰہی کی محبت کا عرفام کا کہ محبوب الٰہی اکثر فرمایا کرتے تھے کہ قیامت کے دن اگر مجھ سے سوال کیا گیا کہ تو دنیا سے لے کر آیا ہے تو عرض کروں گا خسرو کے سینے کا سوز کے آرا ہوں ایک بار اکیا گر میری پیشانی پر آرا رکھ دیا جائے اور کہا جائے کہ خسرو کو بھوڑ دو میں اپنی پیشانی کو چھوڑ دوں گا مگر خسرو کو ہرگز نہ چھوڑوں گا۔ امیر خسرو اسعد مرید تھے جو بہت چاہتے محبوب الٰہی کے حجرے میں چلے جاتے آپ حجرے میں جا کر نماز پڑھ کر اسے جاتے مرشد کریم سے قوالیاں گاتے ہم کا کلام سنا دیتے اور اپنی کہہ کر تے آپ اگر محبوب الٰہی سو جاتے تو امیر خسرو مرشد کے پیروں پر سر رکھے سو جاتے ایک بار کوں نیک خسرو کا اوپن بازیابی ضد بات میں اور آپ کو پھر جانے کی اجازت ملی اور محبوب الٰہی کے حجرے میں طلب فرمایا تو شرت جذبات سے رونے لگے محبوب الٰہی نے رونے کی وجہ پوچھی تو خسرو نے کہا میں نے پاؤں کو دیوار سے دینے کے بعد دیکھا ہے۔ غریب خسرو اس حسرت میں گلی کوچے میں گھومتا رہا کہ کب حضور کے قدموں کو پا لیں آنکھیں رکھ کر سوئے۔ نعلین پاک امیر خسرو کے چہرے پر مشق و محبت کے سنگلوں میں جکڑ رہی ہو چکے تھے۔ اس محض نے رومال سے نکال کر جوتے امیر خسرو کے سامنے رکھ دیے جوتے دیکھ کر امیر خسرو کے چہرے پر خوشی اور عقیدت کا آبشار امل پڑا تھا آپ بولے اے شخص کیا تو ان جوتوں کو فروخت کرے گا۔ امیر خسرو اس شخص کی طرف بیتی نظروں سے دیکھ رہے تھے۔ جیسے وہ دنیا کے سب سے بڑے خزانے اور قیمتی چیز کو خرید رہے ہوں وہ شخص حیرت اور پریشانی سے بولا پہلے آپ کے مرشد نے مذاق کیا اب آپ مذاق کر رہے ہیں۔ وہ مذاق تھا اور نہ یہ مذاق ہے تو نے میرے مرشد کو پہچانا ہی نہیں امیر خسرو کے لہجے سے عقیدت اور جلال جھلک رہا تھا۔ جواب آپ ان جوتوں کی کیا قیمت دیں گے اس شخص نے نما تا امیر خسرو سے کہا۔ اس وقت میرے پاس پانچ لاکھ نقرئی تھے یہی اگر یہ تھوڑے سے جوتے میرے ساتھ دہلی چلو میں اتنے ہی اور دے سکتا ہوں سید زادے پر سکتا طاری ہو چکا تھا اس نے جوتے امیر خسرو کے حوالے کیے اور کہا میرے لیے تو ایک ہزار ہی کافی ہیں آپ خدا کے لئے کہ نہ جانا امیر خسرو نے اس شخص کی بات کا یقین کرے گا کہ یہ ساری دولت میری ہے۔ لوگ یقین نہیں کریں گے وہ کہیں گے کہ میں نے ڈکیتی یا رہزنی کی ہے۔ آج سے امیر خسرو کا خسرو کے سینے کا سوز کے آرا ہوں ایک ایک تحریر لکھ کر دیں آج سے اس سارنی دولت کا مالک میں ہوں حضرت امیر خسرو نے فوری طور پر ایک کاغذ منگوایا اور اس پر یہ تحریر کیا کہ میں امیر خسرو، سلطان علاؤ الدین کی جے کے ہوئے انعام کی رقم شخص مذکورہ کو بطور نذر پیش کر رہا ہوں۔ سید زادہ مطمئن ہو گیا تو امیر خسرو نے اپنے سایہیوں کو حکم دیا کہ اس شخص کو بحفاظت اس کے گھر چھوڑ کر آئیں تا کہ تمام دولت خیریت سے سید زادے کے گھر پہنچ جائے اور پھر اپنی دستار میں مرشد کے جوتے نہایت عزت و احترام سے باندھے اور تیزی سے اپنے مرشد خانے کے آستانہ کی طرح دوڑے اور پھر مرشد خانے پر پہنچ کر دیکھا دربار لگا ہوا ہے اپنے پورے جوبن پر تھا محبوب الٰہی ہجوم میں بیٹھا ہوا ہے ہزاروں مرید اس میں جلوہ افروز ہیں۔ پھر چشم فلک اور حاضرین نے نہایت حیران کن منظر دیکھا کہ امیر خسرو نے نہایت عقیدت و احترام سے اپنے ہاتھ اپنے سر پر باندھ

ہانیہ عامر طلحہ انجم پر بوتل پھینکنے کے واقعے پر غصے میں آ گئیں

کسی بھی فنکار پر کوئی چیز پھینکنا صرف بدتمیزی نہیں بلکہ غیر انسانی حرکت ہے

لاہور (این این آئی) اداکارہ ہانیہ عامر طلحہ انجم پر بوتل پھینکنے کے واقعے پر غصے میں آ گئیں۔ معروف پاکستانی ریپ گلوکار طلحہ انجم کے حالیہ کنسرٹ کے دوران ان وقت ناخوشگوار صورتحال پیدا ہو گئی جب ایک تماشائی نے ان پر پانی کی بوتل پھینک دی تھی۔ واقعے کے بعد طلحہ نے سٹیج پر اسٹاف کو ہدایت دی تھی کہ متعلقہ شخص کو اٹھا کر باہر لایا جائے، جس کے بعد اسے کنسرٹ سے باہر نکال دیا گیا۔ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد اداکارہ ہانیہ عامر نے بھی سخت ردعمل ظاہر کیا ہے۔

عائزہ خان اور دانش تیمور نے شوبز انڈسٹری چھوڑنے کا اشارہ دیدیا

میں اور دانش نہ صرف اسکرین بلکہ سوشل میڈیا سے بھی غائب ہو جائیں گے

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبصورت جوڑی عائزہ خان اور دانش تیمور نے مستقبل میں شوبز انڈسٹری چھوڑنے کا اشارہ دے دیا ہے۔ عائزہ خان نے گزشتہ دنوں ایک انٹرویو کے دوران سوال کا جواب دیتے ہوئے اپنی اور دانش تیمور کی مستقبل کے حوالے سے پلاننگ کے بارے میں تہلکہ خیز انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ سے سوال کیا گیا تھا کہ اگر انھیں سب کچھ چھوڑ کر اپنی کسی من چاہی جگہ جانے کا موقع دیا جائے تو وہ کون سی جگہ ہوگی اور کیوں؟ عائزہ خان نے اس سوال کے جواب میں کہا کہ ایک دن آئے گا کہ میں اور دانش نہ صرف اسکرین بلکہ سوشل میڈیا سے بھی غائب ہو جائیں گے اور ہم دونوں سپیئرلینڈ چلے جائیں گے۔ عائزہ خان کے مستقبل کا یہ پلان سٹی گرلز کے مداح تیمران اور پریشان ہیں اور وہ اداکارہ سے سوال کیا گیا تھا کہ اگر انھیں موت ہو جائے تو کیا ہوگا؟ عائزہ خان نے کہا کہ اس کا جواب تو ہمارے پاس ہے ہم دونوں سپیئرلینڈ چلے جائیں گے۔ عائزہ خان کے مستقبل کا یہ پلان سٹی گرلز کے مداح تیمران اور پریشان ہیں اور وہ اداکارہ سے سوال کیا گیا تھا کہ اگر انھیں موت ہو جائے تو کیا ہوگا؟ عائزہ خان نے کہا کہ اس کا جواب تو ہمارے پاس ہے ہم دونوں سپیئرلینڈ چلے جائیں گے۔

والد کو معاف کرنے میں 30 سال لگے، جیا علی

میں نے اپنی زندگی سے کیمیکلز کا استعمال کم کر دیا ہے، میرا کمانا مٹی کے برتنوں میں تیار ہوتا ہے

کراچی (این این آئی) ماضی کی مقبول اداکارہ جیا علی نے انکشاف کیا ہے کہ وہ پہلے لوگوں کو آسانی سے معاف نہیں کر پاتی تھیں، لیکن اب وہ کہتی ہیں کہ انہوں نے اپنے والد کو معاف کرنے میں 30 سال لگ گئے۔ حال ہی میں جیا علی نے توشیخ ڈرامہ کے کیوٹ کمنٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر گفتگو کی۔ ایک سوال کے جواب میں جیا علی نے بتایا کہ وہ پاکستانی ڈرامے پسند نہیں دیکھتیں اور اس میں ان کے اپنے والد بھی شامل ہیں۔ اداکارہ کے مطابق اس کی کوئی خاص وجہ نہیں

شوبز SHOWBIZ

بیلی بھر اور جسٹن بیبر کی علیحدگی کی افواہیں زور پکڑ گئیں

بیلی بھر نے اپنے اسکن کیئر برانڈ Rhode کو فروخت کر کے 1 ارب ڈالر کا سرمایہ حاصل کر لیا

نیویارک (این این آئی) معروف ماڈل اور کاروباری شخصیت بیلی بھر جلد ہی شادی کی افواہوں کے بغیر عوامی جلسوں پر دھکی گئیں، جس کے بعد ان کے شوہر جسٹن بیبر کے درمیان علیحدگی کی خبریں ہیڈ زور ہلگئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بیلی بھر کو ہیلث ونگ کے ریسٹورنٹ دی کامرس ان میں ناشتہ کرتے ہوئے دیکھا گیا، جہاں انہوں نے تقریباً چالیس منٹ گزارے اور ان کی شادی کی انگوٹھی نہیں پہنی ہوئی تھی، جبکہ

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم میٹینینس 24 جون 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم میٹینینس اور ڈیملیٹ ورکس الاسے ایم ٹی میٹرز تھیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، کوہاٹ اور جہلم سرکل کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر ذیل درج شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 24 جون 2025ء

08:00 تا 01:00 بجے سے دن **01:00** بجے تک اسلام آباد سرکل، ہیوی پراٹھا، بڑیرہ، ٹی ایف ایچ، بھارہ کہو، ٹی ایم ایچ، راولپنڈی سرکل، راولپنڈی کینٹ سرکل & 1-4/2 ، 1&2 اٹک، اٹک، امارت، مارگلہ سرکل & 1-4/2 ، 1&2 جہلم، دینہ، گوجر خان، پنڈ دادنخان، سرائے عالمگیر، کلر سیداں، کوٹ سارنگ، پنڈی گھیب، چکوال، چوآسیدن شاہ، چوک مہتہ، پنڈی گھیب، کالا باغ، چوک، دنیالہ، فتحجنگ، کیمبل پور، ویلہ، پنڈی بوئیز، سوہاوہ، اٹک، آر سی سی آئی اسٹیمپرز، ہنک، امارت، مارگلہ، ٹیلی ہاؤس، مہرہ شیریں، مہورہ، گھیال، S T ایفی فوڈز، نرنج، فوڈز، ایگرو فوڈز، اے ٹی فوڈز، ایس، ڈھوک اعوان، موہڑہ، ہاؤسنگ کالونی، ڈھوک اعوان، موہڑہ، ہاؤسنگ کالونی، فیڈر، چکوال سرکل، جلال پور، جھاڈلہ، پور فیڈر، اور گروڈوان سرکل فیڈر کے انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بچت پر مطلوب خواہ ہے۔ وقت سے کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

بقیہ 26

بجلی فیملیاں کیسا، سیکھ دی جاری ہے بنانے کے لیے 100 سولر سٹیشنز کی فیزیبلٹی منظوری ہے جن جیلوں کی دیواروں سے ماحولیاتی بہتر بنایا جائے گا۔ ایسے ہی ماحولیات تبدیلی اسلام آباد اور راولپنڈی کی ایک کیس ہے بجلیل سٹیڈ آف انٹیلیکٹ (NCAI) اسلام آباد کا دعوہ ہے اور تھیٹر میں ڈاکٹر پاسرار نے کہا کہ بجلی بوایت دی گئی۔ خواتین قیدیوں کو ان کے بچوں سے باقاعدہ ملاقات کی سہولت فراہم کرنے کے لیے خصوصی انتظامات جاری ہیں۔ ان جیلوں میں موسمی تبدیلیوں کے پیش نظر شجرکاری کا منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر ایمز نے کہا کہ ہم نے جیلوں کے اندر ماحول دوست ماحول بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔

گھریلو اور صنعتی صارفین کو ریلیف دینے کیلئے ٹیرف میں توازن لانے کی سکیم تیار

بجلی چوری کیلئے ٹاسک فورس نے 86 ارب کی ریکوری کی، گردشی قرضے پر قابو پانے کیلئے جامع حکمت عملی پر عملدرآمد شروع ہوگیا

گھریلو اور صنعتی صارفین کو ریلیف دینے کیلئے ٹیرف میں توازن لانے کی سکیم بھی تیار کرلی گئی

لاہور(این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے قیام کے دوسرے سال میں توانائی کے شعبے میں اصلاحات کے باعث خوداحصاری کا سنگ میل عبور ہوگیا ہے۔ بجلی چوری کے خلاف ٹاسک فورس نے 86 ارب روپے کی ریکوری کی ۔گردشی قرضے پر قابو پانے کیلئے جامع حکمت عملی پر عمل درآمد شروع ہوگیا جبکہ گھریلو اور صنعتی صارفین کو ریلیف دینے کیلئے ٹیرف میں توازن لانے کی سکیم بھی تیار کرلی گئی۔ سمندر میں 150 میگاواٹ پاور پراجیکٹ کی تعمیر سے جنوبی سندھ پر عمل درآمد شروع ہوگیا جبکہ گھریلو اور صنعتی صارفین کو ریلیف دینے کیلئے ٹیرف میں توازن لانے کی ضروریات کی تکمیل میں بیجری آئی۔ گلگت بلتستان (بقیہ نمبر 8)

لیسکو سمیت بجلی کی تمام کمپنیوں میں عام میٹرز کی خریداری پر پابندی عائد

تمام کمپنیوں کو اے ایم آئی (سمارٹ) میٹرز کی خریداری کے احکامات جاری

لاہور(این این آئی) وزارت پاور و ڈویژن نے لیسکو سمیت تمام بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں پر عام میٹرز کی خریداری پر پابندی عائد کردی۔ ترجمان کے مطابق تمام کمپنیوں کو اے ایم آئی (سمارٹ) میٹرز کی خریداری کے احکامات جاری کئے گئے ہیں، بجلی چوری کی روک تھام کے لئے سمارٹ میٹرز کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ میٹرز کی خریداری نہ ہونے (بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی: مری روڈ کنارے بیٹھے دھوپ کی کاموں کی راہ دیکھ رہے ہیں

لیسکو کی ریکوری مہم تیز، عملہ ہفتے واتوار کو بھی ڈیوٹی پر موجود ہوگا

جون کے مہینے میں 100 فیصد ریکوری کو یقینی بنایا جائے گا، ڈائریکٹر سٹرسر مدمر

لاہور(این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کا کام زور وں ماہ کے ریکوری ٹارگٹ کو ہر صورت مکمل کرنے کے لئے تمام فیلڈ افسران اور ریکوری سٹاف کو سخت ہدایات جاری کردیں۔ دراز کے مطابق لیسکو عملے کی ہفتہ اور اتوار کی چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں اور تمام کو ہر صورت مکمل کرنے کے لئے تمام ٹیمیں دینے کا پابند بنایا گیا (بقیہ نمبر 2)

لاہور، ہال میں خاتون ویٹر کو تشدد کا نشانہ بنانے والا ملزم گرفتار

ملزم خاتون کو بالوں سے پکڑ کر کھینچتا رہا اور چہرے پر تھپیڑ مارتا رہا، پولیس

لاہور(این این آئی) کاہنہ چوکی سوے اصل پولیس نے خاتون ویٹر پر تشدد کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ خاتون سوے اصل اسٹاپ پر واقع عبداللہ شادی ہال میں کاہینہ کیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان، رفیق ڈیرہ غازی خان میں محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کے دورہ کے دوران ہر جگہ سے لے رہے ہیں

ایران کی جوہری تنصیبات پر حملے قابل مذمت ہیں، پاکستانی مندوب عاصم افتخار

پاکستان یو این چارٹر کے مطابق عالمی امن اور سلامتی کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتا رہے گا

پاکستان ایران کے حق دفاع کی بھرپور حمایت کرتا ہے، سفارتکاری سے حل نکالا جائے، سلامتی کونسل میں خطاب

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے پبلکی اجلاس میں پاکستانی مستقل مندوب، عاصم افتخار نے پاکستان کے اصولی موقف کو بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان یو این چارٹر کے مطابق عالمی امن اور سلامتی کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتا رہے گا۔ عاصم افتخار نے سلامتی کونسل کے ارکان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ اجلاس میں کونسل (بقیہ نمبر 5)

26 نومبر احتجاج، آئندہ سماعت پر ملزمان پر فرد جرم عائد کی جائے گی

اسلام آباد(این این آئی) پی ٹی آئی کارکنان کے خلاف 26 نومبر احتجاج پر درج مقدمات میں ملزمان پر آئندہ سماعت پر فرد جرم عائد کی جائے گی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے 2 مقدمات کی سماعت کی۔ عدالت نے فقانہ بارگھ کے ایک مقدمے میں چالان کی نقول تقسیم کردی جبکہ فقانہ بارگھ کے دوسرے مقدمے میں ایک ملزم کی جانب سے (بقیہ نمبر 7)

حکومت کے وفاقی بجٹ کی حمایت کرتا ہوں، بلاول بھٹو

اسلام آباد(این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے وفاقی بجٹ کی حمایت کردی۔ قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کے وفاقی بجٹ کی حمایت کرتا ہوں، پاکستان کو بیگ کی تیاری کرنا ہے اس لیے وفاقی بجٹ میں 20 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم، وزیر خزانہ، وزیر خارجہ کا شکریہ کہ اس دفعہ انہوں نے بجٹ پر پیپلز پارٹی کو اعتماد میں لیا گیا، ہم چاہتے ہیں کہ تبدیلی کا نام سے (بقیہ نمبر 8)

سیکرٹری داخلہ پنجاب کا جیل خانہ جات دفتر کا دورہ

قیدیوں سے اہل خانہ کی ملاقات کیلئے ایڈوانس آن لائن بکنگ سسٹم جلد فعال کیا جائے

لاہور(این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب نے آئی جی جیل خانہ جات کے دفتر کا دورہ کیا اور اس موقع پر ان کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس بھی منعقد ہوا، جس میں جیلوں کی بھیڑ، قیدیوں کی سہولیات اور سکیورٹی سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس سے اہل خانہ کی ملاقات کیلئے ایڈوانس آن لائن بکنگ سسٹم جلد فعال کیا جائے گا۔ اجلاس میں قیدیوں کی بھاری تعداد میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا، جبکہ جیل عملے کی پیشہ وارانہ تربیت کے لیے 200 افسروں کو پاک فوج سے ڈرل انسٹرکٹر کورس کروانے کا (بقیہ نمبر 6)

بادامی باغ کے علاقے میں پراپرٹی ڈیلر کو قتل کردیا گیا

افتخار اپنے دفتر میں بیٹھا تھا نامعلوم افراد نے فائرنگ کر دی

لاہور(این این آئی) بادامی باغ کے علاقے میں پراپرٹی ڈیلر کو قتل کردیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ نامعلوم افراد نے سامات کاٹونی میں اپنے دفتر میں موجود 45 سالہ افتخار پر فائرنگ کردی جسے نامعلوم وجوہات پر فائرنگ کے آگے کو کر زخمی کرکے فرار ہوگئے۔ شدید زخمی حالت میں میوہسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہوسکا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور مقدمہ اسکے کے قاتلوں کا روائی کا آغاز کردیا گیا۔

لاہور، خودکشی سمیت مختلف واقعات میں 5 افراد جاں بحق

45 سالہ خاتون نے نامعلوم وجوہات پر ٹرین تلے آکر خودکشی کر لی

لاہور(این این آئی) شہر میں خودکشی سمیت مختلف واقعات میں 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق بادامی باغ چاچا کھے نمبر 3 کے قریب 45 سالہ خاتون نے گزشتہ رات ریل تلے آکر خودکشی کی، 45 سالہ صائمہ کنول نے

ڈھوک سیداں گرجا روڈ کا سیوریج نظام ناکام

گندگی کے ڈھیر، صفائی عملہ غائب، علاقہ مکین سراپا احتجاج، صفائی عملے کی مسلسل غیر حاضری کی زندگی اجیرن بنا دی ہے

سیوریج کا گندہ پانی سڑکوں پر تالاب کی شکل اختیار کر چکا ہے جبکہ کوڑے کرکٹ کے ڈھیر تعفن اور بیماریوں کا سبب بن رہے ہیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹ کے گلیاں آباد علاقے ڈھوک سیداں گرجا روڈ پر سیوریج نظام کی بدترین خرابی اور صفائی عملے کی مسلسل غیر حاضری نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ سیوریج کا گندہ پانی سڑکوں پر تالاب کی شکل اختیار کر چکا ہے جبکہ کوڑے کرکٹ کے ڈھیر تعفن اور بیماریوں کا سبب بن رہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق ڈھوک سیداں گرجا روڈ سیوریج نالے کی (بقیہ نمبر 5)

کینٹ کے علاقے ڈھوک سیداں گرجا روڈ پر سیوریج کا گندہ پانی شہریوں کے در در بہا ہوا ہے جبکہ متعلقہ حکام خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں

راولپنڈی، منشیات سپلائی کرنے والی خاتون کی ویڈیو سامنے آگئی

فوزیہ صفدر نامی خاتون سے ایک کلوگرام سے زائد ہیروئن برآمد، مقدمہ درج کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ پیرودھائی کے علاقے میں منشیات سپلائی کرنے والی گروہ کی ویڈیو سامنے آگئی جس میں خاتون کو چند افراد کو پیسے لیکر ٹوکن فروخت کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں ایک خاتون کو فوزیہ صفدر نامی خاتون سے ایک کلوگرام سے زائد ہیروئن برآمد، مقدمہ درج کرلیا ہے۔ ویڈیو سامنے آنے اور عام منشیات فروشی پر پی پی اور راولپنڈی خالد رہمانی نے نوٹس لیا جس پر پولیس نے خاتون خورشید کو گرفتار کرلیا۔ ویڈیو (بقیہ نمبر 6)

کینٹ بورڈ کا مختلف علاقوں میں تجاوزات کیخلاف آپریشن

سرکیس واگزار، تجاوزات حادثات کا باعث بنتی ہیں، چوہدری شمیم الحسن

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹ بورڈ شعبہ تجاوزات نے چکری روڈ، ڈھوک پیرودھائی روڈ، گرجا روڈ، برف خانہ چوک، پنج پیر، بھابڑا، پنڈی کالونی، مصریال روڈ، رنج روڈ، شمیر آباد اور پٹنار روڈ سمیت متعدد علاقوں میں تجاوزات کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کی گئی ہے۔ کینٹ بورڈ کی اندرونی تجاوزات نیوں نے کارروائی کے دوران (بقیہ نمبر 7)

کرڈ قبرستان پر قبضہ مافیا سرگرم، جعلی قبریں بیچنے کا انکشاف

ایک بااثر شخص، سراج خان، نے قبرستان کی زمین پر غیر قانونی قبضہ جما رکھا ہے اور اسے ذاتی مالی مفادات کے لیے استعمال کر رہا ہے

بقائم سرگرمیاں مقامی تھانے کی پولیس اور کنٹونمنٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے انفورسمنٹ ونگ میں تعینات انسپکٹر کی ملی بھگت سے جاری ہیں

اسلام آباد (انعم ضمیر سے) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے علاقے کری روڈ میں واقع سرکاری قبرستان پر قبضہ مافیا کی سرگرمیاں زور پکڑ چکی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایک بااثر شخص، سراج خان، نے قبرستان کی زمین پر غیر قانونی قبضہ جما رکھا ہے اور اسے ذاتی مالی مفادات کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ حتمی افراد کی شکایات کے مطابق، سراج خان نے نہ صرف قبرستان کی زمین پر غیر قانونی پارکنگ قائم کر رکھی ہے بلکہ تعمیراتی سامان کا غیر جانبدارانہ بھی وہاں لگا رکھا ہے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ یہ تمام سرگرمیاں مقامی تھانے کی پولیس (بقیہ نمبر 8)

غزہ: شمالی غزہ کی پٹی میں انسانی امداد کے منتظر لوگوں کو نشانہ بناتے ہوئے اسرائیلی فضائی حملوں میں ہلاک ہونے والے فلسطینیوں کے جنازے میں شہری اور رشتہ دار شریک ہیں۔

محرم الحرام، صوبہ بھر میں سرچ، سویپ، کومبنگ آپریشنز جاری

مجموعی طور پر 12 ہزار 174 مشتبہ افراد کی چیکنگ کی گئی، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور(این این آئی) محرم الحرام کی آمد کے پیش نظر پنجاب پولیس کے لاہور سمیت صوبہ بھر میں سرچ، سویپ، کومبنگ آپریشنز جاری ہیں اور اس دوران مجموعی طور پر 12 ہزار 174 مشتبہ افراد کی چیکنگ کی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 373 کومبنگ آپریشنز کیے گئے، 35 مشکوک افراد حراست میں لئے (بقیہ نمبر 9)

محکمہ موسمیات کی (کل) سے مون سون بارشوں کی پیشگوئی

یکم جولائی تک مختلف علاقوں میں مون سون بارشیں متوقع ہیں، محکمہ موسمیات

لاہور(این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک بھر میں 25 جون سے مون سون بارشوں کی پیشگوئی کردی۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ اگلے چند روز میں مون سون ہواؤں میں شدت آنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے ملک بھر میں 25 جون سے مون سون بارشوں کی پیشگوئی کردی۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ اگلے چند روز میں مون سون ہواؤں میں شدت آنے کا امکان ہے، 25 جون سے کم جولائی تک مختلف علاقوں میں مون سون بارشوں متوقع ہیں۔ میٹ آفس کے مطاق (بقیہ نمبر 4)

لاہور: پاکیٹ میں برائے پی ٹی ایم کی ریلی کی ڈی سی کے مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کے بعد پارٹی رہنما علیمہ خان مزدکاء کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں۔

جنگ کریں تو 6 کے 6 دیا اپنی عوام کو دلوائیں گے، بلاول

ہمارے خطے میں امن نہ ہونا پاکستان اور بھارت کے عوام کے حق میں نہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی کا قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب

کے الیکٹرک کی 4.69 روپے ریلیف کی درخواست ایک ہفتے کیلئے مؤخر

سماعت شروع ہوتے ہی پاور ڈویژن کی سماعت کو مؤخر کرنے کی استدعا

اسلام آباد(این این آئی) کیپر امیں کے الیکٹرک کے ایف ایف اے سے متعلق ریلیف کی درخواست ایک ہفتے کے لیے مؤخر کر دی گئی۔ کے الیکٹرک نے اپریل کے لیے 4 روپے 69 پیسے کی فی یونٹ مانگ رکھی ہے۔ سماعت شروع ہوتے ہی پاور ڈویژن نے سماعت کو مؤخر کرنے کی استدعا کی۔ پاور ڈویژن حکام کے مطابق کے الیکٹرک سے متعلق ایک نظرثانی درخواست دائر کی ہوئی، ایف ایف اے کی درخواست میں ریلیف سے یو ٹیوبرام غیر نہیں رہے گا۔ وفاقی حکومت ایف ایف اے کی مد میں 21 ارب کی سبسڈی دے چکا۔ حکام نے کہا کہ ہم آئی ایم ایف پروگرام میں ہیں اور اس طرح کے اقدامات مشکلات (بقیہ نمبر 3)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کیلئے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے سوشل تبدیلی ڈاکٹر صدق مسعود ملک کی ملاقات

وزیر اعظم شہباز شریف سے مصدق ملک کی ملاقات

پاکستان کی جانب سے بھیجے گئے سفارتی وفد کی ملاقاتوں کے حوالے سے بریفنگ دی

اسلام آباد(این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی ڈاکٹر صدق مسعود ملک نے ملاقات کی جس میں ڈاکٹر صدق مسعود ملک نے وزیر اعظم کو پاکستان کی جانب سے بھیجے گئے سفارتی وفد کی ملاقاتوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وزیر اعظم نے وفد کی جانب سے عالمہ بھارتی ملاقات پر اظہار تشکر کی، وآپی جارحیت کو دنیا کے (بقیہ نمبر 3)

بدامنی، بھتہ خوری اور اغوا کے خلاف اسلام آباد میں احتجاج

آل پارٹیز موومنٹ، شہری اتحاد اور سول سوسائٹی کا مظاہرہ، ٹریفک کا مطالبہ

اسلام آباد کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز خ) کندھ کوٹ میں بدامنی، بھتہ خوری، اغوا برائے تاوان اور ڈاکہ زنی کے خلاف کیپٹل پریس کلب اسلام آباد کے سامنے آل پارٹیز موومنٹ، شہری اتحاد اور سول سوسائٹی کی جانب سے ایک بڑا احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں کندھ کوٹ سے تعلق رکھنے والے مختلف سیاسی، سماجی، ادبی اور انسانی حقوق کے کارکنوں نے بھرپور شرکت کی۔ مظاہرہ ایک پرامن جگرسٹرٹ احتجاج کے طور پر سامنے آیا، جس کا (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی: محرم الحرام کی آمد کے حوالے سے شہری برائے قافلہ سے متعلقہ تحریک کی تیاری کر رہے ہیں

"کلینک آن ویلز" وزیر اعلیٰ پنجاب کا احسن اقدام

مگر پنڈ دادنخان میں خاموشی سے آغاز، عوامی حلقے بے خبر

عوامی صحت جیسے اہم اور عملی منصوبے کو خاموشی سے شروع کر دینا سمجھ سے بالاتر ہے

بے خبر ہے۔ سیاسی وسماجی شخصیات کا کہنا ہے کہ ایک طرف "تھرا پنجاب" کے تحت مکمل چند ہزار روپے کی تقسیم کے لیے تقریب اور تشہیر کی جاتی ہے، جبکہ عوامی صحت جیسے اہم اور عملی منصوبے کو خاموشی سے شروع کر دینا سمجھ سے بالاتر ہے۔ عوامی، سماجی اور سیاسی حلقوں نے دیرعافی کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے (بقیہ نمبر 3)

نیب اسلام آباد راولپنڈی میں جدید آرٹیفیشل انٹیلی جنس ٹیکنالوجی کا استعمال

AI کے استعمال سے پیچیدہ مالیاتی ڈیٹا کا تجزیہ کہیں زیادہ موثر اور شفاف انداز میں ممکن ہوگیا

اسلام آباد(این این آئی) نیب اسلام آباد راولپنڈی نے مالیاتی بدعنوانی کے خلاف تحقیقات میں موثر اور تیز رفتار نتائج کے لیے جدید آرٹیفیشل انٹیلی جنس ٹیکنالوجی کے استعمال کا آغاز کر دیا ہے، جس سے پیچیدہ مالیاتی ڈیٹا کا تجزیہ اب کہیں زیادہ موثر اور شفاف انداز میں ممکن ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نیب اسلام آباد راولپنڈی نے بڑے مالیاتی معاملات میں بینکنگ ریکارڈ، مالیاتی لین دین اور منی ٹریل کی جانچ جدید AI سسٹم (بقیہ نمبر 3)

آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری وزارت کے اسٹریٹجک روڈ میپ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

نوجوان کی فائرنگ سے جیولری شاپ کا مالک جاں بحق

فائرنگ اور جھگڑے کے دوران خود بھی ہاتھ پر چوٹ لگنے سے زخمی ہوگیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ صادق آباد کے علاقے میں فائرنگ سے جیولری شاپ کا مالک عقیل عباسی جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ لین دین کا شاخسانہ ہے، رقم کم دینے پر جھگڑا ہوا جس دوران شاپ پر لڑکی کے ساتھ آئے نوجوان نے فائرنگ کی۔ فائرنگ اور جھگڑے کے دوران خود بھی ہاتھ پر چوٹ لگنے سے زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ لین دین کا شاخسانہ ہے، رقم کم دینے پر جھگڑا ہوا جس دوران شاپ پر لڑکی کے ساتھ (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی: نارمل پولیس کی کارروائی زیر حراست گینگ سے برآمد ہونے والے سرقہ شدہ پھیپھے موٹر سائیکل

وزیر اعلیٰ کی ہدایات پر سینیٹری ورکرز میں انعامی رقم تقسیم کرنیکا مرحلہ مکمل

اب سمیت تمام ڈویژنز میں 1 لاکھ 16 ہزار روپے آرڈرز تقسیم کیے گئے

لاہور(این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر صوبہ بھر کے سینیٹری ورکرز میں انعامی چیک تقسیم کرنے کا مرحلہ مکمل ہوگیا ۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے صفائی ستھرائی کو اجاگر کیا گیا، ہم چاہتے ہیں کہ شہر صاف رہے، انعامی چیک تقسیم کرنے کے لیے 10 ہزار روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ لاہور سمیت تمام ڈویژنز میں 1 لاکھ 16 ہزار روپے آرڈرز تقسیم کیے گئے۔ انعامی چیک کی تقسیم کے لیے ہفتہ اور اتوار کے روز تحصیل کی سطح پر تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ محکمہ لوکل گورننس کے زیر اہتمام صوبہ بھر میں یہ آرڈرز کی تقسیم شفاف طریقے سے مکمل کی گئی۔

اسرائیلی جارحیت نے دنیا کا امن خطرے میں ڈال دیا، فرخ ناز

امریکہ نے جنگ میں براہ راست شمولیت کرکے تیسری جنگ عظیم کا آغاز کردیا

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر ورکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری تعلیم و پروفیشنل ٹریننگ وقومی ورثہ فرخ ناز اکبر نے ایران پر امریکی حملے کے خلاف بیان میں کہا ہے کہ ۱۱ایران کی ایٹمی تنصیبات پر بلااشتعال امریکی حملہ ایران کی خودمختاری، سلامتی کی سکیمت، اقوام متحدہ کے منشور اور خود امریکہ کے آئین کی کھلی خلاف ورزی ہے اور یہ حملے بہت (بقیہ نمبر 4)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم
پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔0309-7900035

فوری ضرورت
عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com